بکھرے ہیرا | مصنفہ ڈاکٹر سعید احمد بریلوی، تقطیع خورد، ضخامت ۱۲۶ صفحات کاغذ خاکی۔ لکھائی چھپائی متوسط قیمت ۱۲؍ پتہ:۔ نیا کتاب گھر اردو بازار جامع مسجد دہلی۔

زیرِ نظر کتاب میں یہ بتایا گیا ہے کہ بچوں کے لئے عمدہ تربیت و اخلاقی تعلیم از حد ضروری ہے۔ نیز تربیت کے ذریعہ بدچلن و قبیح سیرت بچوں کو بھی حسنِ سیرت اور اعلیٰ کیریکٹر کا حامل بنادیا جاسکتا ہے۔ کتاب مجموعی حیثیت سے اصلاحی رنگ میں خاصی دلچسپ اور مفید ہے۔ بعض مواقع میں مذہب و اخلاق پر چند تقریریں ایسے معقول و دلنشین انداز میں کی گئی ہیں کہ جنھیں پڑھکر شمیم کی یاد تازہ ہوجاتی ہے۔ زبان کی پاکیزگی اور اندازِ بیان کی خوبی کے لئے ڈاکٹر سعید احمد کا نام کافی ضمانت ہے۔

چاند سورج کی چوری | از مسٹر عبدالرحیم چمن دہلوی، تقطیع خورد، طباعت کتابت متوسط قیمت ۱۲؍ ۱۴۸ صفحات۔ پتہ:۔ نیا کتاب گھر اردو بازار جامع مسجد دہلی۔

مسٹر چمن دہلوی جاسوسی ناول نگاری میں اچھی دستگاہ رکھتے ہیں۔ اس سے قبل ان کے دو جاسوسی ناول شائع ہوچکے ہیں اور پسند کئے گئے ہیں۔ زیرِ تبصرہ کتاب دلچسپ اور فنی حیثیت سے بہت کافی وقیع ہے۔ زبان سلیس و رواں اور شگفتہ ہے۔

باغی لڑکی | از شفیق بانو شفق۔ سائز خورد، کاغذ خاکی، صفحات ۱۴۰ کتابت و طباعت متوسط۔ قیمت ۱۲؍۔ ناشر نیا کتاب گھر اردو بازار جامع مسجد دہلی۔

باغی لڑکی محترمہ شفق کے تیئس طبعزاد افسانوں کا مجموعہ ہے۔ سوسائٹی میں جو غلط اور خلافِ فطرت رسوم قائم ہوگئی ہیں، ان پر تنقید و اصلاح ان افسانوں کا ماحصل ہے۔ بیشتر افسانوں کا پلاٹ ایسا ہے جسے دلچسپ نہیں کہا جاسکتا تاہم مقصد اور زبان کے لحاظ سے یہ ایک اچھا اور کامیاب مجموعہ ہے۔

زار رتیہ | محترم عبدالرحیم صاحب چمن دہلوی۔ تقطیع خورد ضخامت ۱۹۲ صفحات۔ طباعت و کتابت اور کاغذ بہتر قیمت ۱۲؍ پتہ:۔ نیا کتاب گھر اردو بازار جامع مسجد دہلی۔

۱۹۱۷ء میں روسی عوام نے حکومت کے غیر مدبرانہ اور ظالمانہ برتاؤ سے مجبور ہوکر بادشاہ کو